سوال

(378) کنکریا تسبیح وغیرہ پر ذکر تسبیح کرنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ذکر تسبیح یا درود کا بہت بار پڑھنا مثلاً سو یا دو سو یا اس سے کم زیادہ تو تسبیح کے دانوں سے گنتی شمار کے واسطے پڑھنا اور نیت بلا ریا کرے۔ تو اس طرح حدیث شریف میں پتہ تسبیح کے دانوں پر گنتی کا ہے۔ یا کہ کنکر وغیرہ پر شمار کیا جاتا تھا۔ اب ہمارے واسطے یہ بدعت نہ ہوگا۔ ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں نہ دانہ دار تسبیح آئی ہے۔ نہ کنکریاں آئیں ہیں۔ البتہ انگلیوں کی گرہوں پر شمار آیا ہے۔

نوٹ

مولانا نے حدیث فعلی کے عدم ذکر کو بیان کیا ہے۔ ورنہ حدیث نبوی تقریری اور آثار صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین سے کنکریوں گھٹلیوں۔ وغیرہ پر تسبیح کا ثبوت وارد ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ تسبیح وغیرہ پر ذکر اللہ بلا کراہت جائز ہے۔ (1) (ابو سعید شرف الدین دہلوی)

1۔ دانہ والی تسبیح پر تسبیح پڑھنے کی ممانعت سلف وخلف کسی سے منقول نہیں الخ عاجز محمد ابو القاسم بنارسی (اہل حدیث 2 مئی 1913ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص569

محدث فتویٰ